سوال

(585)چرم قربانی یازکواۃ سے مرمت مسجدیا مسجد کا کنواں تعمیر کرسکتے ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چرم قربانی یازکواۃ سے مرمت مسجدیا مسجد کا کنواں تعمیر کرسکتے ہیں ۔ یا نہیں ؟ (عبدالرحمٰن باڑی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چرم قربانی یہ خالص غرباء ومساکین کا حق ہے۔اس میں کسی کو دخل نہیں ہاں زکواۃ کے متعلق ایک قول ملتا ہے۔کہ مسجد میں لگانا جائز ہے۔لیکن متعلقین مسجد کو ایسا بہانہ بنا کرزکواۃ کا روپیہ نہیں لگانا چاہیے۔اپنی گرہ سے خرچ کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد01ص742

محدث فتویٰ